# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**

**Time** 07:40 PM

**Date: 28 July 2026**

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں تجمل احمد۔

پہلے اہم خبروں کی سرخیوں پر ایک نظر۔

☆......لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے نوجوانوں کو سکل انڈیا، ڈیجیٹل انڈیا اور آتم نربھر بھارت کا اہم ستون دیا قرار۔

☆......ایل جی نے سکمز کا دورہ کرکے وہاں زیر علاج یاتریوں کی، کی عیادت // یاتریوں کو اعلیٰ معیار کی طبی خدمات دستیاب کرانے کی ہدایت۔

☆......وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کا ترقیاتی عمل کو دوام بخشنے کیلئے رقومات کے بروقت اور منصفانہ تصرف پر زور۔

اور

☆......ہیپٹائٹس کی روکتھام اور **Nature** کنزرویشن سے متعلق عالمی دن آج۔

**LG**

لیفٹننٹ گورنرمنوج سنہانے نوجوانوں کوسکل انڈیا کا اہم ستون ،ڈیجیٹل انڈیا کا **Face** اور آتم نر بھر بھارت کے رہنما قرار دیا ہے۔امرسنگھ کالج سرینگر میں آج دیش بھگت یونیورسٹی پنجاب اورکلسٹر یونیورسٹی کشمیر وکئی دیگر اداروں کی طرف سے منعقدہ **77** ویں سٹیٹ لیول میگا جاب میلے کے دوران خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہا کہ جاب میلے نوجوانوں کی توقعات کو پورا کرنا،انہیں ترقی کے زیادہ سے زیادہ مواقعے دستیاب کرانا اورقوم کا مستقبل سنوارنے کے ضمن میں ایک اہم قدم ہے۔انہوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ اس طرح کے مواقعوں سے استفادہ کرکے جموں وکشمیر کا نام روشن کریں۔ایل جی نے کہا کہ کارخانہ داری میں نوجوانوں کی دلچسپی بڑھنا ایک خوش آئند بات ہے۔

------**V/O**------

سی ایم روزگار

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی اس روزگار میلہ سے خطاب کیا جس دوران انہوں نے نوجوانوں کے لئے روزگار کے نت نئے مواقعے فراہم کرنے اوران مواقع کو وسعت دینے کے اپنے سرکار کے عزم کو دہرایا۔انہوں نے کہا کہ اگرچہ سرکاری نوکریاں ہی بیروزگاری کا واحد حل نہیں ہے،تاہم حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ پرائیویٹ سیکٹر میں نوجوانوں کے لئے روزگار کے زیادہ سے زیادہ وسائل پیدا کرے۔عمر عبداللہ نے کہا کہ صنعت وتجارت اور کارخانہ داری اس سمت میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔

حادثہ

گنی ون کنگن گاندربل میں آج علی الصبح شری امرناتھ جی یاتریوں سے بھری ایک گاڑی کو حادثہ پیش آیا جس کے نتیجے میں درشن کرکے لوٹ رہے **39** یاتری زخمی ہوئے۔حادثے کے فوراً بعد بچاؤ کاروائی شروع کی گئی اور زخمیوں کو پہلے کنگن اسپتال پھر بعد میں سکمز صورہ منتقل کیا گیا۔لیفٹننٹ گورنرمنوج سنہا اوروزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے اس حادثے پر دکھ کا اظہار کرتے ہوئے زخمی یاتریوں کو فراہم کی گئی طبی نگہداشت کی سہولیات کا جائزہ لیا۔انہوں

نے متعلقین کو ہدایت دی کہ وہ زخمی یاتریوں کو ہر ممکن طبی امداد فراہم کریں۔ ایل جی اور وزیر اعلیٰ نے زخمیوں کی تیز تر صحت یابی کیلئے دعا کی۔

ایل جی عیادت

دریں اثنا لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے آج سکمز اسپتال کا دورہ کرکے وہاں زخمی یاتریوں کی عیادت کی اور انہیں دی جارہی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ ایل جی نے اسپتال انتظامیہ کو ہدایت دی کہ وہ زخمیوں کو اعلیٰ معیار کی طبی سہولیات دستیاب کریں۔ انہوں نے سینئر افسروں کو بھی ہدایت دی کہ وہ یاتریوں کو تمام تر مدد دستیاب رکھیں او صحت یاب ہونے کے بعد گھروں کیلئے یاتریوں کی محفوظ روانگی کیلئے ترجیحی بنیادوں پر انتظامات کریں۔
دریں اثنا وزیر صحت سکینہ ایتو نے بھی آج وزیر اعلیٰ کی ہدایات پر سکمز کا دورہ کیا اور وہاں زخمی یاتریوں کی خیر وعافیت دریافت کی۔ انہوں نے وہاں زخمیوں اور ان کے تیمارداروں کے ساتھ بات کی اور انہیں یقین دلایا کہ حکومت انہیں بہتر طبی سہولیات کے ساتھ ساتھ دیگر مدد فراہم کرے گی۔

یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا بال تل کے راستے خوش اسلوبی سے جاری ہے اور اب تک مجموعی طور ساڑھے **4** لاکھ یاتریوں نے پوتر گپھا کے درشن کئے۔ آج شام **5** بجے تک **8** ہزار **876** یاتریوں نے گپھا میں حاضری دی۔ پہلگام راستے پر مرمت کا کام جاری ہے جس کے چلتے اس روٹ سے یاترا عارضی طور پر بند ہے۔ اسی بیچ آج بھگوتی نگر جموں کے بنیادی کیمپ سے **3** ہزار **29** یاتریوں پر مشتمل **21** واں قافلہ وادی پہنچا۔

عمر عبداللہ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج سرینگر میں اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کے دوران کیپٹل ایکسپینڈیچر کا جائزہ لیا۔ اس موقعے پر انہوں نے تمام محکموں کو ہدایت دی کہ وہ دستیاب رقومات کے بروقت اور منصفانہ تصرف کو یقینی بناتے ہوئے بنیادی ڈھانچے کو ترقی دیں نیز عوامی خدمات اور اقتصادی ترقی کو تقویت بخشیں۔ وزیر اعلیٰ نے رقومات کی دستیابی کے باوجود اسے صرف نہ کرنے کو نااہلیت سے تعبیر کیا۔ انہوں نے کہا کہ وادی کشمیر اور جموں میں ابھی

ترقیاتی کاموں کیلئے کافی وقت موجود ہے لہٰذا ترقیاتی عمل کو آگے بڑھانے کی طرف توجہ دی جانی چاہیئے۔انہوں نے کہا کہ منظور کیئے گئے پروجیکٹوں پر فوری طور سے کام شروع کیا جانا چاہیئے۔میٹنگ میں چیف سیکرٹری اٹل ڈلو کے علاوہ مختلف محکموں کے کئی اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔

## مبارک

وزیر اعظم نریندر مودی نے **Glasgow** میں کامن ویلتھ گیمز **2026** میں **Womens Short Put F-57** مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتنے کیلئے شرمیلا دھنکر کو مبارکباد دی ہے۔ایک پیغام میں وزیر اعظم نے کہا کہ اس کامیابی سے کامن ویلتھ گیمز میں پیرا ایتھلیٹکس گولڈ جیتنے کا بھارت کا دو دہائی طویل انتظار ختم ہوگیا ہے۔لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بھی شرمیلا دھنکر کو سونے کا تمغہ جیتنے پر مبارکباد دی ہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ایل جی نے کہا کہ پیرا ایتھلیٹکس میں اس کھلاڑی کی بے مثال کارکردگی نے پوری قوم کا سر فخر سے اونچا کر دیا ہے۔ایل جی نے اس کھلاڑی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

## سپریم کورٹ

سپریم کورٹ نے آج ان احتجاجی طلبا کی رہائی کے احکامات صادر کیئے جن کی عمر **18** برس سے کم ہے اور جن کا کوئی **Criminal** ریکارڈ نہیں ہے۔عدالت عظمیٰ نے آج حالیہ احتجاج کے دوران پولیس فورس کے مبینہ زیادہ استعمال سے متعلق عرض داشتوں کی شنوائی کرتے ہوئے کئی عبوری ہدایات جاری کیں۔چیف جسٹس جسٹس سوریہ کانت، جسٹس **Joymaliya Bagchi** اور **V-Mohana** پر مشتمل بنچ نے حکام کو ہدایات دیں کہ وہ نیٹ پیپر لیک معاملے پر حالیہ قومی سطح کے احتجاجوں سے متعلق الیکٹرانک اور ڈیجیٹل شواہد محفوظ رکھیں۔

## پارلیمنٹ

نیٹ معاملے کو لیکر طلبا کے احتجاج کے دوران پولیس کی مبینہ کاروائی کو لیکر حزب اختلاف کے شور و غل کے پیش نظر راجیہ سبھا کی کاروائی آج پورے دن کیلئے ملتوی کر دی گئی۔پہلے التوا کے بعد جب ایوان کی کاروائی دوپہر **2** بجے دوبارہ شروع ہوئی تو **MSME** کے مرکزی وزیر جتن رام مانجھی نے **MSME** ڈیولپمنٹ ترمیمی بل

2026 پیش کی۔اس دوران حزب اختلاف کے ارکان نے نعرہ بازی شروع کی جس کے بعد ڈپٹی چیئرمین ہری ونش نے کاروائی کو کل تک کیلئے ملتوی کیا۔

وقفہ

یہ خبریں آپ آکاش وانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔خبریں آپ آکاشوانی کے موبائیل اپیلی کیشنNews on AIRاورDTH پر بھی سماعت کرسکتے ہیں۔

ہیپٹائٹس

آج ہیپاٹائٹس کی روکتھام کا عالمی دن ہے۔اس دن کا مقصد جگر کی بیماری سے متعلق بیداری پیدا کرنا اور ہیپاٹائٹس کی صورت میں احتیاط اور علاج سے متعلق جانکاری عام کرنا ہے۔آج کے دن کی مناسبت سے جموں وکشمیر میں بھی کئی بیداری پروگرام منعقد ہوئے۔اس دن کی اہمیت کے حوالے سے شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ میں گیسٹروانٹرولوجی شعبے کے سربراہ مشتاق احمد خان نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

-----V/O-------

جاوید ڈار

زراعت اور دیہی ترقی کے وزیر جاوید احمد ڈار سے مختلف وفود اور افراد ملاقی ہوئے اور انہیں اپنے اپنے مسائل وترقیاتی ضروریات سے آگاہ کیا۔وزیر موصوف نے ان کے مسائل غور سے سنے اور نہیں یقین دلایا کہ اگر کئے گئے معاملات پر ترجیحی بنیاد پر حل کیا جائے گا۔

عالمی دن

آج قدرتی وسائل کو تحفظ دینے سے متعلق عالمی دن یعنی **World Nature** کنزرویشن دن ہے۔آج کے دن پوری دنیا میں ہوا، زمین اور پانی جیسے اہم قدرتی وسائل کو تحفظ دینے اور انہیں آئندہ نسلوں کیلئے بچانے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا جاتا ہے۔اس سال اس دن کی اہمیت اس لحاظ سے بھی بڑھ جاتی ہے کیوں کہ

انٹرنیشنل یونین آف کنزرویشن آف نیچر ریڈلسٹ آف **Threatned Species** کے مطابق آج کی تاریخ میں **44** ہزار سے زائد اقسام کے حیوانات اور پیڑ پودوں کو خطرات لاحق ہیں۔اس دن کی اہمیت کے بارے میں سکاسٹ کشمیر میں **Basic Sceinces and Humanities** ڈویژن کے پروفیسر اینڈ ہیڈ اور معروف ماہر ماحولیات ڈاکٹر جاوید اقبال نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

**-----V/O-----**

ستیش شرما

سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے وزیر ستیش شرما نے آج سرینگر میں ایک مٹنگ کے دوران یوٹی بھر میں عملائے جارہے سائنس اور ٹیکنالوجی اقدامات کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔انہوں نے محکمہ کی طرف سے عملائی جارہی مختلف سکیموں کے بارے میں جانکاری حاصل کرتے ہوئے کہا کہ زیادہ سے زیادہ مستحقین کو ان سکیموں کے دائرے میں لایا جانا چاہئے۔متعلقہ افسروں نے انہیں سکیموں کی حصولیابیوں کے بارے میں تفصیلی جانکاری دی۔

**NC**

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور نائب صدر و وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے کپوارہ کی معروف شخصیت عبدالرحمان میر کی اہلیہ کے انتقال پر دکھ اور صدمے کا اظہار کرتے ہوئے سوگواروں کے ساتھ تعزیت کی ہے۔ ادھر ایک وفد نے آج پارٹی ہیڈکوارٹر پر ایم ایل اے احسان پردیسی کے ساتھ ملاقات کی اور انہیں اپنے مسائل سے آگاہ کیا۔اس موقعہ پر ایم ایل اے موصوف نے وفد کو یقین دلایا کہ مہجور نگر میں میکڈمائزیشن کا کام جلد شروع کیا جائے گا۔

ایم پی کٹھانہ

سینئر بی جے پی لیڈر اور ممبر پارلیمنٹ انجینئر غلام علی کھٹانہ نے کہا ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت

میں بھارت نے مختلف شعبوں میں نمایاں ترقی حاصل کی اور حکومت کی موثر پالیسیوں کی بدولت بھارت گلوبل مینوفیکچرنگ اور برآمدات کا ہب بن چکا ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے مختلف شعبوں میں بھارت کی ترقی اور حصولیابیوں کا تفصیل سے ذکر کیا۔

شاہین

جنتا دل یونائٹیڈ کے صدر جی ایم شاہین نے ایک پریس بیان میں سیاسی مخالفین کی نکتہ چینی کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ لوگوں کے مسائل کو حل کرنے کی طرف کوئی خاص توجہ نہیں دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں کو گوناگوں مشکلات کا سامنا ہے جنہیں حل کرنے کیلئے موجودہ حکومت کو خاطر خواہ اقدامات کرنے چاہئیں۔

چیف سیکرٹری

چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران جموں وکشمیر کے تمام اضلاع میں محکمہ زراعت کی طرف سے عملائے جارہے **JKCIP** پروجیکٹ کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ جموں وکشمیر کے زرعی سیکٹر کو یہاں کے اقتصادی منظرنامے میں ریڈ کی ہڈی کی حیثیت حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ جے کے سی آئی پی زرعی شعبے میں مثبت بدلاؤ لانے نیز کسانوں کی آمدن میں اضافہ کرنے میں اہم رول ادا کررہا ہے۔ اس موقعے پر بتایا گیا کہ اس پروجیکٹ کے دائرے میں **60** ہزار سے زائد کسانوں کو لایا گیا ہے۔

صدر

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج راشٹر پتی بھون میں ان کی **Presidency** کے **4** سال مکمل ہونے پر وچول طریقے سے متعدد پروجیکٹوں کی شروعات کی۔ اپنے خطاب میں صدر جمہوریہ نے ملک کی ترقی اور ثقافتی گوناگونیت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے **4** برسوں کے دوران شمولیاتی ترقی کو دوام بخشنے کے ساتھ

ساتھ بھارت کے گوناگوں ثقافتی ورثے اور خود اعتمادی کو بھی تقویت حاصل ہوئی ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں حب الوطنی کے جذبے کو بڑھاوا دینا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

نتیانندرائے

مرکز نے پچھلے تین برسوں کے دوران ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کو نیشنل ڈیزاسٹر ریسپانس فنڈ اور سٹیٹ ڈیزاسٹر ریسپانس فنڈ کے تحت **75** ہزار کروڑ روپے سے زائد کی رقم واگزار کی۔ یہ جانکاری آج داخلی امور کے مرکزی وزیرِ مملکت نتیانندرائے نے لوک سبھا میں ایک سوال کے تحریری جواب میں دی۔

شیوراج سنگھ

مرکزی سرکار نے **VB-GRAMG** ایکٹ **2025** کے تحت رواں مالی سال کیلئے **95** ہزار **692** کروڑ روپے مختص کئے ہیں۔ یہ جانکاری آج دیہی ترقی کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے لوک سبھا میں ایک سوال کے تحریری جواب میں دی۔

جیسوال

وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا ہے کہ جموں کشمیر اور لداخ یوٹیز کا پورا علاقہ بشمول وہ علاقے جو اِس وقت پاکستان کے غیر قانونی قبضے میں ہیں، بھارت کے اٹوٹ انگ ہیں۔ آج نئی دلی میں میڈیا بریفنگ کے دوران انہوں نے کہا کہ پاکستان کے زیرِ قبضہ جموں کشمیر میں ہورہے انتخابات کچھ نہیں بلکہ پاکستان کی طرف سے اس کی غیر قانونی قبضے اور وہاں ہورہے انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کو چھپانے کی پاکستان ایک کوشش ہے۔

عرس

بلند پایہ ولی کامل حضرت میر سید عبدالعزیز بخاری (سلطان الشائخ) رحمتہ اللہ علیہ کا سالانہ عرس آج ان کے آستان عالیہ ٹینکی پورہ سرینگر میں عقیدت واحترام کے ساتھ منا گیا۔اس موقعہ پر ختمات المعظمات اور درود اذکار اور قرآن

خوانی کی مجالس منعقد ہوئیں۔ادھر حضرت شیخ ماکل بابا علی والی رحمتہ اللہ علیہ کا سالانہ عرس 30 جولائی جبکہ حضرت نجم الدین الکبری رحمتہ اللہ علیہ کا عرس یکم اگست کو منایا جارہا ہے۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 31.5 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 20 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 34 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 27.1 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 5 بجکر 40 منٹ اور غروب آفتاب شام 7 بجکر 35 منٹ پر ہوگا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔خدا حافظ۔